کفر کیسے؟ (البقرۃ: 29-28)

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَكُنْتُمْ	اَمْوَاتًا	فَاَحْيَاكُمْ ۚ	ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ
کیسے تم انکار کرتے ہو	اللہ کا	حالانکہ تم تھے	بے جان	پھر اس نے زندہ کیا تمہیں	پھر وہ موت دے گا تمہیں

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾	هُوَ الَّذِىْ	خَلَقَ لَكُمْ	مَّا فِى الْاَرْضِ
پھر (دوبارہ) زندہ کرے گا تمہیں	پھر اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے۔	وہی ہے جس نے	پیدا کیا تمہارے لیے	جو زمین میں ہے

جَمِيْعًا ۚ	ثُمَّ اسْتَوٰٓى	اِلَى	السَّمَآءِ	فَسَوّٰىهُنَّ
سب کچھ،	پھر متوجہ ہوا	طرف	آسمان کی	پس اس نے برابر کر دیا انہیں

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۭ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَىْءٍ	عَلِيْمٌ ﴿29﴾
سات آسمان،	اور وہ	ہر چیز کو	جاننے والا ہے۔

مختصر شرح

- كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ...: ہم خاک تھے، اللہ نے ہمیں زندگی عطا کی۔ صرف اللہ جانتا ہے کہ ہم کب اور کیسے مریں گے۔ ہم اللہ کا انکار نہیں کرسکتے کیوں کہ اسی نے ہمیں زندہ کیا ہے اور مرنا اسی کے ہاتھ میں ہے۔
- ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ: ہمیں اللہ کے پاس واپس لوٹنا ہے، اسی لیے ہم لاپرواہی نہیں کرسکتے۔ وہاں جواب دینا پڑے گا۔
- هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ...: یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے ہمارے لیے زمین کو بنایا اور پھر اس پر ہماری ضرورت کی ہر چیز پیدا کی۔ ہمیں خوب محبت کے ساتھ اس کا شکر کرنا چاہیے۔
- فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ....: اللہ تعالیٰ نے وسیع آسمان بنایا جس میں کروڑوں ستارے ہیں، اور اس کے اوپر 6 آسمان۔
- وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ...: اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کی ہر تفصیل سے واقف ہے یہاں تک کہ وہ ان کے خیالات کو بھی جانتا ہے۔ ایسی آیات کو پڑھنے کے بعد ہمارے دل میں اللہ کی عظمت و ہیبت بیٹھنی چاہیے۔

اسباق، دعا اور پلان: ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جاسکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

- ہم اللہ تعالیٰ کا انکار نہیں کرسکتے کیونکہ اسی نے ہمیں زندگی دی ہے اور ہمارا مرنا اور دوبارہ جی اٹھنا سب کچھ اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔
- ہمیں اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔
- آرام دہ زندگی گزارنے کے لیے ضرورت کی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ ہی نے عطا کی ہے۔
- اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا علم ہے یہاں تک کہ ہمارے خیالات اور سوچ کو اور ہمارے اعمال کو وہ اچھی طرح جانتا ہے۔

دعا: اے اللہ! ہمیں اپنے ایمان میں زیادتی کی نیت سے تیری مخلوقات میں غور کرنے کی توفیق عطا فرما، ہمارے دلوں کو اپنی عظمت سے بھر دے اور گناہوں سے دور رہنے میں ہماری مدد فرما!

پلان: ان شاءاللہ! میں آسمانوں اور زمین کے پیدا کیے جانے پر غور و فکر کروں گا۔

اسماء وافعال: اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء

واحد	جمع	معانی
مَيِّت	أَمْوَات	مردار
أَرْض	أَرَاضِي	زمین
سَمَاء	سَمَاوَات	آسمان
شَيْئ	أَشْيَاء	چیز

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے

تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضِ	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
461	ك ف ر ذ	كَفَرَ	يَكْفُرُ	أُكْفُرْ	كَافِر	مَكْفُوْر	كُفْر	انکار کرنا
86	ر ج ع ض	رَجَعَ	يَرْجِعُ	اِرْجِعْ	رَاجِع	–	رُجُوْع	لوٹنا
248	خ ل ق ذ	خَلَقَ	يَخْلُقُ	أُخْلُقْ	خَالِق	مَخْلُوْق	خَلْق	پیدا کرنا
1358	ك و ن قا	كَانَ	يَكُوْنُ	كُنْ	كَائِن	–	كَوْن	ہونا